# سندھ آرڈیننس نمبر XIX مجریہ ۲۰۰۱

# SINDH ORDINANCE NO.XIX OF 2001

# سندھ لوکل گورنمنٹ الیکشنز (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱

# THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ELECTIONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

## فہرست (CONTENTS)


تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ سندھ آرڈیننس X مجریہ ۲۰۰۰ کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم

Amendment of section 10 of Sindh Ordinance No.X of 2000

# سندھ آرڈیننس نمبر XIX مجریہ ۲۰۰۱

# SINDH ORDINANCE NO.XIX OF 2001

# سندھ لوکل گورنمنٹ الیکشنز (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱

# THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ELECTIONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

[۶جون، ۲۰۰۱]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ لوکل گورنمنٹ الیکشنز آرڈیننس، ۲۰۰۰ میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ لوکل گورنمنٹ الیکشنز آرڈیننس میں ترمیم کرنا مقصود ہے جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ کے ہنگامی حالات والے اعلان اور ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ پر جاری کردہ ۱۹۹۹ کے پروویژنل کانسٹیٹیوشن آرڈر نمبر۔ ۱ کے آرٹیکل ۳(۲) کے تحت صوبہ کے گورنر کو چیف ایگزیکٹو کی ہدایات پر عمل کرنا ہے؛

اور جیسا کہ ۱۹۹۹ کے پروویژنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔ ۹ کے آرٹیکل ۴ کے تحت، صوبہ کا گورنر چیف ایگزیکٹو آف پاکستان کی ہدایات پر آرڈیننس جاری اور نافذ کر سکتا ہے؛

اور جیسا کہ بلدیاتی حکومت انتخابات آرڈر، ۲۰۰۰ (۲۰۰۰ کا نمبر ۸) کے تحت، چیف ایگزیکٹو آف پاکستان نے چیف الیکشن کمشنر کو صوبہ میں بلدیاتی حکومت کے انتخابات کرانے کا اختیار دیا ہے؛

اور جیسا کہ گورنر مطمئن ہے کے موجودہ صورتحال میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب اس لیئے، مندرجہ بالا اختیارات اور اس کو دیئے گئے دیگر سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے سندھ کے گورنر نے چیف ایگزیکٹو آف پاکستان کی ہدایات پر مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایہ ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ لوکل گورنمنٹ الیکشنز(ترمیم) آرڈیننس، مجریہ ۲۰۰۱ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

سندھ آرڈیننس X مجریہ ۲۰۰۰ کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم
Amendment of section 10 of Sindh Ordinance No.X of 2000

۲۔ سندھ لوکل گورنمنٹ الیکشنز آرڈیننس، ۲۰۰۰ کی دفعہ ۳ کے آخر میں فل اسٹاپ کے بعد مندرجہ ذیل وضاحت کو شامل کیا جائے گا۔

وضاحت:-

اس دفعہ کے مقاصد کے حصول کے لئے، آفس کے ہولڈر سے مراد ایسا شخص ہے جس نے اس آرڈیننس کے مطابق بنائے گئے قوانین کے تحت حلف لیا ہو۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**